| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوتھا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ت' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ت' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ت' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ت' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کر پ' تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**`<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ت' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر 'ت' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ت' ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف 'ت' کی آدھی شکل 'ۃ ۔ ۃ' Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ 'ت' حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے۔اُس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ت' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف 'ت' کے ذخیرہ الفاظ تارا، تتلی، تالا، تربوز فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ت' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں۔تختہ سفید/سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر بچوں کو حرف 'ت' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ت' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick<br>کتاب صفحہ 23<br>ورک شیٹ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ت' کی آدھی اور پوری شکل پر پینسل پھیریے اور اور تربورز میں رنگ بھریے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 23 کھولنے کو کہا جائے گا 'ت' کی پوری شکل پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'ت' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری  چوتھا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ت' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ت' لکھ سکیں ۔<br>حرف 'ت' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ت' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'ت' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ت' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو تکیہ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ تکیہ ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم تکیہ کیوں استعمال کرتے ہیں اور کب استعمال کرتے ہیں ۔ بچوں کو تکیہ کی ابتدائی آواز 'ت' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ت' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>گروپ کی سرگرمی کے وقت طلباء کو دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے۔اب انھیں ان اشیاء/تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جس کے نام 'ت' سے شروع ہوتے ہیں۔ ہر بچہ تھیلے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام پکارے پھر تھیلا اگلے بچے کو پکڑا دے۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ 24 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔حرف 'ت' کو اس سے بننے والے الفاظ میں ملانے میں مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ت' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ 25 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>'ت' کی اشیاء تصاویر تھیلا<br>کتاب صفحہ 24 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوتھا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ت' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ت' لکھ سکیں۔ حرف 'ت' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ت' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ت' کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ت' سے تاج کے بارے میں بات کریں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ تاج کس کس کو پسند ہے۔ تاج کون پہنتا ہے اور اُن میں سے کسی کے پاس تاج ہے۔ ایک دن پہلے بچوں کو کہا جائے گا کہ جس کے پاس گھر میں تاج ہے وہ تاج پہن کے آئے۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ت' بنائیں۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ت' اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے اور بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ت' کے کٹ آؤٹ کو میز پر رکھیں اور نقطے رکھ کے بتائیں کے نقطے کہاں اور کتنے آئیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ت' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تربوز، تالا، تیر کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br><br>'ت' کے کٹ آؤٹس<br>کتاب صفحہ 26 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوتھا ہفتہ | موضوع: | حرف ‘ت’ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ‘ت’ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ‘ت’ لکھ سکیں۔<br>حرف ‘ت’ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ‘ت’ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ‘ت’ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔حرف ‘ت’ کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ‘ت’ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ‘ت’ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے تصویر، توا، تیتر اور تسمہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ پلے ڈو دے کر حرف ‘ت’ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | ہوپ سکوچ گیم | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ‘ت’ کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ بچوں کو پلے گراؤنڈ میں لے کر جایا جائے گا وہاں زمین پر چاک سے ‘پ’ اور ‘ت’ لکھا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ وہ ‘ت’ کو ڈھونڈیں اور اُس پر چھلانگ لگائیں۔کاپی پر حرف ‘پ’ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | چاک<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تیتر، تلوار، تیسمہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوتھا ہفتہ | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>کہ پھلوں کے نام جان سکیں۔<br>تصاویر کو دیکھ کر پھلوں کے نام بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو امرود، لیچی، اسٹرابری اور خربوزہ کے فلیش کارڈ یا پلاسٹک کے کھلونے دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | پھل<br>فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا<br>پھلوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم پھلوں کے ناموں کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو کیلا، انگور، انار، مالٹا، سیب، تربوز، خربوزہ کے فلیش کارڈ باری باری دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کونسا پھل ہے؟ نام بتا کر تین سے چار بار نام کی دہرائی کروائی جائے گی۔ اگر پلاسٹک کے پھل موجود ہیں تو ان پھلوں کو دانتوں سے کاٹ کر کھانے کو ظاہر کریں اور بچوں کو بتایئے کہ یہ پھل بہت مزیدار ہیں ہر پھل کا ذائقہ دوسرے سے مختلف ہے۔ بچوں سے پھلوں کے رنگ اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ ایک وقت میں ایک پھل دکھایا جائے گا۔ | 10 منٹ | پھل (پلاسٹک<br>کھلونے) | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں پلاسٹک (پھل) فلیش کارڈ مختلف جگہوں پر رکھ دیں۔ (کھلونے اس سرگرمی کے لیے زیادہ موزوں ہیں) بچوں کو ہر پھل کا آدھا کھلونا دیں اور کہے کہ آدھا حصہ کلاس میں چھپا بیٹھا ہے جاؤ اس کو تلاش کر کے لاؤ۔ جب بچہ لے آئے تو اس پھل کا نام پوچھیے اور ٹوکری میں رکھنے کو کہیے۔ اگر کھلونے موجود نہ ہوں تو ہر بچے کو ایک پھل کا فلیش کارڈ دیں۔ اس پھل کا نام پوچھیے اور ٹوکری میں رکھنے کو کہیے۔ کمرہ جماعت میں سے اس پھل کا دوسرا فلیش کارڈ تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** تمام پھلوں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آج لنچ میں کون پھل لایا ہے؟ نام پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ کیجیے۔ کاپی پر ’ت‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیے۔ | | | |